تسکین تکافل پلان

Jubilee
FAMILY TAKAFUL

Bank Alfalah
The Way Forward

Best Customer
Franchise Award

کوئی بھی انسان نہیں چاہتا کہ اس کے ساتھ کوئی غیر یقینی صورت حال پیش آئے اور اس سے بچا بھی نہیں جا سکتا ۔ تاہم ، کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اس طرح کی صورت حال سے دوچار بھی ہیں اور پھر بھی خود کو محفوظ سمجھتے ہیں کیونکہ انھوں نے اپنی فیملی کے مستقبل کی حفاظت کے لیے سمجھداری کے ساتھ فیصلے لیے ہیں ۔

تسکین تکافل پلان آپ کے مالی بوجھ کو آسان بناتا ہے اور کسی بھی طرح کے غیر یقینی حالات میں لازمی طور پر آپ کا ساتھ دیتا ہے ، لہٰذا ان غیر یقینی حالات سے بہترین طریقے سے نمٹا جا سکتا ہے ۔

اس پلان کی اہم خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں :

- کوئی بھی شخص جس کی عمر 18سے 59 سال کے درمیان ہو، وہ اس پلان کو خریدنے کا اہل ہے ، میچوریٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر 60 سال ہونے سے مشروط ہے ۔
- اس پلان کے لیے ممبر شپ کی مدت تاریخِ اجراء سے 1 سال ہے ۔
- اس پلان کے لیے سنگل کنٹری بیوشن 6,000 روپے ہے ۔
- اس پلان کے تحت 1,000,000 روپے کا مجموعی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے ۔
- ایک سی این آئی سی نمبر پر ایک سے زائد ممبر شپ جاری نہیں کی جاسکتی ۔
- کسی بھی وجہ سے وفات ہونے کی صورت میں یکمشت ادائیگی قابل ادا ہے ۔
- ممبر شپ حاصل کرتے وقت برائے مہربانی اس بات کو یقینی بنائیں کہ بینیفیشریز خون کا رشتہ رکھتے ہوں (جیسے والدہ / والد ، بھائی / بہن ، بیٹا / بیٹی) یا شوہر / بیوی ، ورنہ تکافل کی رقم ادا نہیں کی جائے گی ۔
- پارٹیسپینٹ ممبرشپ منسوخ کرسکتاہے اور ممبر شپ کی خریداری کے 14 دنوں کے اندر اپنا کنٹری بیوشن واپس لے سکتاہے ۔ کنٹری بیوشن صرف اس وقت پارٹیسپنٹ کو واپس کیا جائے گا اگر منسوخی کی تاریخ تک پارٹیسپنٹ کی طرف سے ممبر شپ کے تحت کوئی دعویٰ نہ کیا گیا ہو ۔
- اس ممبر شپ کے اجراء کے بعد 90 دنوں کی انتظار کی مدت دی جاتی ہے اور اس مدت کے دوران کوئی بھی دعویٰ قابل ادا نہیں ہوتا ہے ، سوائے حادثاتی موت کے ۔ مزید یہ کہ ، وہ دعوے جو خود کشی ، جان بوجھ کر خود کو زخمی کرنے اور غیر قانونی کارروائی کے باعث کیے گئے ہوں وہ اس پلان میں شامل نہیں ہیں ۔

انتباہ :
یہ پروڈکٹ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ۔ ونڈو تکافل آپریشنز ('جوبلی لائف') کی طرف سے تحریر کی گئی اور فراہم کی گئی ہے ۔ بینک الفلاح کا کردار ، جوبلی لائف کی طرف سے صرف ایک ڈسٹری بیوٹر کا ہے ۔ نہ بینک الفلاح اور نہ ہی اس کے الحاق ادارے اس پروڈکٹ کی ملکیت کا دعویٰ کرتے ہیں اور نہ ہی اس پروڈکٹ کے کسی فائدے کی ضمانت لیتے ہیں ، نہ ہی بینک الفلاح اس پروڈکٹ کے حوالے سے ہونے والی کسی بھی شکایات کے دعوؤں کے لیے جوابدہ ہے جو کہ اس پروڈکٹ کے حوالے سے پالیسی ہولڈر اور / یا بینیفیشریز رکھتے ہوں ۔

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ
ونڈو تکافل آپریشنز
ہیڈ آفس : 74/1-A ، لالہ زار ، ایم ۔ ٹی خان روڈ ، کراچی ۔74000 ، پاکستان
فون : 3520 5094 ,32120201 (021)
فیکس : 3561 0959 (021)
یو اے این 111 111 554 ایس ایم ایس : اپنا سوال لکھ کر 8554 پر ارسال کریں
ای میل : info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
ویب سائٹ : www.jubileefamilytakaful.com

Scan QR Code to Access
Bank Alfalah Whatsapp
021 111 225 111 | bankalfalah.com
/BankAlfalah /BankAlfalahOfficial /bank_alfalah /BankAlfalah

جوبلی فیملی تکافل۔ جوبلی تسکین پلان
کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کا جوبلی تسکین تکافل پلان وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبر شپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے جوبلی فیملی تکافل کا جوبلی تسکین تکافل پلان کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

مفتی ذیشان عبدالعزیز

شرعی مشیر: جوبلی لائف انشورنس کمپنی۔ ونڈو تکافل آپریشنز